1989ء سے مسلسل اشاعت | 14 تا 20 اکتوبر 2022 | شمارہ نمبر 42 | جلد نمبر 34

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-


## FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp — بزنس مین پینل





BMG — بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

محمد سلیم بیکیا — جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد — خامس سعید بٹ

چیئرمین — کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا — گروپ لیڈر







Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

**we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality**

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**indah kiat**
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
*Sinar Tech*



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 25 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# وفاقی ٹیکس محتسب ایک انتہائی موثر ادارہ ہے، محمد سلیم بیکیا

## ایف ٹی او زیادہ سے زیادہ 60 دنوں میں آپ کے مسائل حل کر دیتا ہے، بعض اوقات نوٹس جاری ہوتے ہی مسئلہ حل ہوجاتا ہے، کراچی چیمبر میں خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد طارق یوسف کو ایف ٹی او کا اعزازی مشیر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے تا کہ تاجر برادری کے مسائل کا بروقت نوٹس لیا جا سکے اور صدر کے سی سی آئی ذاتی طور پر ایف ٹی او کے ساتھ بروقت ان کے مسائل حل کرنے کے لیے آواز اٹھا سکیں۔ یہ بات انہوں نے کے سی سی آئی میں شکایت کنندگان کو سوزوکی گاڑیوں کی خریداری پر ادا کیے گئے سیلز ٹیکس کی اضافی رقم کی واپسی کے لیے چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اس تقریب میں چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا اور سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس کے علاوہ صدر کے سی سی آئی محمد طارق یوسف، سینئر نائب صدر توصیف احمد، نائب صدر محمد حارث اگر، ایڈوائزر لیگل ایف ٹی او الماس علی جویندھا، ایڈوائزرز (کسٹمز) ایف ٹی او منظور حسین میمن اور سید طاہر رضا زیدی کے ہمراہ سینئر کسٹمز افسران اور کے سی سی آئی کی منیجنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ 5 اکتوبر 2022 کو ہونے والی اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ ایف ٹی او ایک انتہائی موثر محکمہ ہے جو 60 دنوں کے اندر مقدمات کا فیصلہ کرتا ہے، زیادہ تر معاملات میں فون کال اور/ یا واٹس ایپ میسج پر معاملات فوری حل ہوجاتے ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے حاضرین کو یہ بھی بتایا کہ ایف ٹی او نے شپنگ کمپنیوں کے خلاف کسٹم کے غیر پیشہ ورانہ رویے/ سست روی کا پتہ لگانے کے بعد، جاری کردہ فیصلے میں کسٹم حکام سے کہا کہ وہ فوری طور پر شپنگ کمپنیوں کی بدعنوانیوں کو روکنے کے لیے قوانین وضع کریں اور آخر کار کسٹمز نے شپنگ رولز SRO 1220/2015 جاری کیا، جو کہ ایک بہت بڑا اقدام ہے اور کاروباری برادری کی بھی کامیابی ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ 2004 میں آئی بی ایم کے دفتر پر کسٹمز نے چھاپے مارے تھے کسٹم میں غیر قانونی طور پر پیپر کے درآمدکنندگان سے کروڑوں روپے وصول کر لیے تھے۔ اس سلسلے میں ایف ٹی او سے رجوع کیا گیا تو اس نے تیزی سے فیصلے کرتے ہوئے کاغذ کے درآمد کنندگان کے حق میں پچھلے 15 سالوں سے التوا کا شکار ریفنڈ کیسز پر حکم جاری کیا اور کسٹمز کو حکم دیا کہ وہ بغیر کسی تاخیر کے درآمد کنندگان کی رقم واپس/ ریفنڈ کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگر درآمد کنندگان طویل عرصہ سے التواء میں پڑی بقایا رقم کسٹمز ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو ایف ٹی او کسٹم افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کے لئے احکامات جاری کر سکتا ہے کیونکہ ایف ٹی او کے حکم کی عدم تعمیل پر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی ہوسکتی ہے۔ اس موقع پر زیادہ تر افسران نے ایف بی آر اور ریجنل ٹیکس اتھارٹیز کی بدانتظامی اور شپنگ کمپنیوں کے ضرورت سے زیادہ اور غیر قانونی چارجز اور ٹیکس سے متعلق دیگر معاملات کی شکایات کو پیش کیا۔ وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمد جاہ نے اپنے خطاب میں تاجر برادری کو آگے آنے اور ایف بی آر، کسٹمز یا دیگر کسی بھی ٹیکس حکام کے خلاف شکایت (اگر کوئی ہے) کرنے کا مشورہ دیا، ایف ٹی او ثبوت کی بنیاد پر 2 (دو) ماہ کے اندر اچھے فیصلے جاری کرے گا اور فیصلوں کی تعمیل بھی کرائے گا۔ وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ ایف ٹی او ایک عوام اور کاروبار دوست ادارہ ہے لہٰذا مختلف چیمبرز آف کامرس سے مشیروں کا تقرر کیا گیا ہے تا کہ ایف ٹی او اور تاجر برادری کے درمیان دوری کو ختم کیا جا سکے۔ کے سی سی آئی کے صدر کی بطور مشیر ایف ٹی او تقرری کا نوٹیفکیشن جلد ایف ٹی او لاہور آفس سے جاری کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سخت کوششوں کی بدولت ایف ٹی او کو موصول شکایات کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے اور زیادہ تر مقدمات ایف ٹی او کی مداخلت کے فوراً بعد مزید قانونی کارروائی میں جانے کے بغیر نمٹائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف ٹی او پاکستان کا متحرک قانونی فورم ہے جہاں مقدمات کا فیصلہ 60 دنوں میں کیا جاتا ہے کیونکہ انصاف کے حصول میں دیگر قانونی فورمز پر سالوں اور دہائیاں لگ جاتی ہیں لیکن ایف ٹی او میں مقدمات کا فیصلہ 60 دن، 6 دن اور یہاں تک کہ 6 گھنٹے اور ایک گھنٹے کے اندر اندر بھی ہوجاتا ہے۔ آصف محمود جاہ نے شکایت کنندہ کیخلاف پرانے کیسز کھولنے اور ان ٹیکس دہندگان کو ہراساں کیے جانے کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایف ٹی او نے یہ مسئلہ ایف بی آر کے ساتھ اٹھایا ہے اور سرکلر کے اجراء کے ذریعے یہ یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ ایف ٹی او سے مدد کے لیے رجوع کرنے والے کسی بھی ٹیکس دہندہ کے خلاف نہ تو منفی کارروائی کی جائے گی اور نہ ہی پرانے مقدمات کھولے جائیں گے۔ انہوں نے سوزوکی گاڑیوں کے خریداروں کو اضافی سیلز ٹیکس کی واپسی کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ ایف ٹی او کے ذریعے مجموعی طور پر 9500 ٹیکس دہندگان سے رابطہ کیا گیا جنہوں نے سوزوکی گاڑیاں خریدیں اور اضافی سیلز ٹیکس ادا کیا لیکن اس اقدام کو ایف بی آر نے ناپسند کیا اور انہوں نے مدد کے لیے صدر پاکستان سے رابطہ کیا لیکن ایف ٹی او کے فیصلے کی صدر کے دفتر نے مکمل حمایت کی اور ایف بی آر کو ریفنڈ جاری کرنے کی ہدایت کی گئی۔ انہوں نے کے سی سی آئی کی درخواست کے جواب میں مزید کہا کہ اس طرح کے کسی بھی دوسرے معاملے میں جس میں سوزوکی گاڑی کی خریداری کے لیے زائد سیلز ٹیکس ادا کیا گیا ہو اسے بھی ایف ٹی او کو بھیجا جا سکتا ہے اور ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ شکایت کنندہ کو رقم کی واپسی مل جائے۔ قبل ازیں کے سی سی آئی کے صدر محمد طارق یوسف نے کہا کہ ایف ٹی او بہترین خدمات فراہم کر رہا ہے جس کے نتیجے میں تاجر وصنعتکار برادری کو درپیش شکایات کم ہوئی ہیں تاہم انہیں یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ ایف ٹی او سے مدد کے لیے رابطہ کرنے والوں کو ایف بی آر حکام ہراساں نہ کرے۔ چیئرمین بی ایم جی زبیر موتی والا نے ایف ٹی او کی کارکردگی کو سراہا جس کی وجہ سے تاجر برادری کا اعتماد بحال ہوا ہے تاہم انہوں نے نشاندہی کی کہ کسٹمز انٹیلی جنس نے آج کل فیکٹریوں پر چھاپے مارتے ہوئے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ فیکٹریاں بھارتی کپڑا استعمال کر رہی ہیں، ایف ٹی او سے مدد کی درخواست کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ درآمد شدہ بھارتی تانے بانے کو بندرگاہوں یا سرحدوں پر کیوں نہیں روکا جا رہا جب اسے افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے ذریعے اسمگل کیا جا رہا تھا یا لایا جا رہا تھا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ممبر کسٹمز (آپریشنل) کا چیف کلکٹر، ڈی جی ویلیوایشن کے ہمراہ دورہ فیڈریشن ہاؤس

## محمد سلیم بیکیا، محمد انیس، عابد نثار سمیت تاجروں وصنعتکاروں کی بھرپور شرکت، 2 گھنٹے تک مسائل سنے

### اسسٹنٹ کلکٹر سے کم رینک کے افسر کو سامان روکنے یا تحویل میں لینے کا کوئی حق نہیں ہے، خلاف ورزی پر شکایات چیف کلکٹر کو کی جائیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مکرم جاہ انصاری ممبر کسٹمز (آپریشنل) ایف بی آر نے 6 اکتوبر کو ایف پی سی سی آئی کا دورہ کیا جس میں کسٹمز کے چیف کلکٹر، ڈی جی ویلیوایشن اور دیگر اعلیٰ کسٹم حکام سمیت کسٹم کے اعلیٰ افسران کی پوری ٹیم اس میٹنگ میں شریک ہوئی۔ صدر فیڈریشن عرفان اقبال، سابق صدور، نائب صدور کے ہمراہ بہت بڑی تعداد میں ایسوسی ایشنز، چیمبرز اور دیگر افراد نے شرکت کی، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی نمائندگی چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے کی جبکہ سابق وائس چیئرمین عابد نثار اور سہیل نثار نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر فیڈریشن ہال مکمل کھچا کھچ بھرا ہوا تھا، ملک کے دیگر حصوں کے چیمبرز اور ایسوسی ایشن کے نمائندے زوم کے ذریعے اس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں محمد سلیم بیکیا سمیت زیادہ تر شرکاء کی شکایات ویلیویشن رولنگ سے متعلق معاملات، کنٹینرز میں انوائس کی عدم دستیابی اور پہلے جرم پر -/50,000 روپے، دوسرے جرم پر -/250,000 روپے اور اس کے بعد -/500,000 روپے کے غیر منصفانہ جرمانے کی جانب تھیں، کسٹمز لیب کی افادیت، شپنگ کمپنیوں کے غیر قانونی چارجز کے مسائل، ٹرمینلز آپریٹرز کے مسائل، اگزامینیشن کے دوران سامان کو پہنچنے والے نقصانات اور دیگر معاملات، اسمگل شدہ سامان کی آڑ میں غیر ملکی نقل وحمل کے سامان کی غیر قانونی حراست اور دیگر مسائل پر تاجر برس پڑے۔ ممبر کسٹمز (آپریشنل) مکرم جاہ انصاری ممبران کی ہر شکایت/ شکایات کو پورے 2 (دو) گھنٹے سنتے رہے اور شکایت کرنے والے شکایت کنندہ کے نام کے ساتھ ہر مسئلے کے فوری حل کی ہدایت یا احکامات دیتے رہے، ممبر کسٹمز نے بتایا کہ کنٹینرز سے انوائسز کی عدم دستیابی غیر قانونی کو روکنے کے لئے ہے اس سے کسٹمز کی آمدنی پر کوئی اثر نہیں پڑتا، ممبر کسٹمز نے تسلیم کیا کہ یہ ایک غیر پیداواری/ ناکام مشق ہے اور اس طرح صرف درآمد کنندگان کے لیے مشکلات پیدا ہوتی ہیں، اور بہت جلد اچھے فیصلوں کا اعلان کریں گے۔ ویلیویشن رولنگ ایشوز کے بارے میں انہوں نے تسلیم کیا کہ 3 (تین) ماہ کے اعداد وشمار پر ویلیویشن رولنگ کا تعین کرنا غیر منطقی اور ویلیوایشن رولنگ کی روح کے خلاف ہے۔ درآمد کنندگان کی خود درآمدی اشیاء پچھلے 3 ماہ کے ڈیٹا پر ویلیویشن رولنگ پرائس کا تعین کرنا بھی غلط ہے، انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کچھ درآمدی اشیاء یعنی فلیمینٹ یارن، یا دھاتوں نے ان مصنوعات کی بین الاقوامی سرٹیفائیڈ ویب سائٹ سے قیمت لینے پر اتفاق کیا ہے۔ ممبران کسٹمز اور چیف کلکٹر آف کسٹم کا کسٹم کے نچلے درجے کے سپاہی یا انسپکٹر کے غیر پیشہ ورانہ طرز عمل پر کارروائی کرتے ہیں جو کراچی پورٹ سے کلیئر کرائے گئے سامان کو غلط طریقے سے روک لیتے ہیں اور ٹرانسپورٹرز سے انوائسز/ جی ڈی وغیرہ کا مطالبہ کرتے ہیں اور یا درآمد کنندگان کو حیدرآباد، سکھر، سکرنڈ آنے کے لیے کہتے ہیں۔ جبکہ سندھ/ پنجاب کے کچھ دوسرے شہروں میں 24 گھنٹوں کے اندر دستاویزات کے ساتھ طلب کرتے ہیں، اس لعنت کو روکنے کے لیے ممبر کسٹم نے کسٹمز آفس کو حکم دیا کہ اسسٹنٹ کلکٹر کے رینک سے کم کا کوئی افسر، سامان کو روکنے یا تحویل میں لے نہیں سکتا، اگر کوئی بدتمیزی ہوتی ہے تو پہلے سے ٹھوس معلومات کے ذریعے چیف کلکٹر کسٹمز سے رابطہ کریں۔ ممبر کسٹمز ایف بی آر مکرم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ ڈیوٹی وٹیکسوں کی پیشگی ادائیگی کو ختم کرنے کے عمل پر غور جاری ہے۔ ممبر کسٹمز ایف بی آر مکرم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ تاجر برادری کی سہولت کے لیے ڈیوٹی وٹیکسوں کی پیشگی ادائیگی کو ختم کرنے کے عمل پر غور جاری ہے جبکہ ویبوک کلیئرنس سسٹم میں آئندہ 15 یوم کے دوران ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اسکیم کے لیے ماڈیولز کا نفاذ کردیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ عارضی لائسنس ہولڈرز کو ضروری ایسسمنٹ کے بعد مستقل کردیا جائے گا اور ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹ کو بطور سیکیورٹی قبول کیا جائے گا۔ کسی بھی غیر ضروری اینٹی اسمگلنگ چیکنگ کو فوری طور پر روکا جائے گا جبکہ شپمنٹ کیے جانے والے کنٹینرز کے اندر مطلوبہ دستاویزات چسپاں کرنے کی شرط کو ختم کرنے پر غور کیا جارہا ہے کیونکہ محکمہ کسٹمز اس ضمن میں اسٹیک ہولڈرز کے خدشات سے بخوبی آگاہ ہے۔ مکرم جاہ انصاری نے تاجر برادری سے کہا کہ وہ آگے آئیں اور اتھورائیزڈ اکنامک آپریٹرز (AEO) پروگرام کو کامیاب بنائیں کیونکہ یہ کاروبار کرنے کی لاگت کو کم کرے گا اور تجارت کرنے میں آسانی پیدا کرے گا۔ اس موقع پر ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال شیخ نے کہا کہ تاجر برادری کے لیے تاخیر کے معاملات اور متروک کسٹم ویلیویشن اس وقت سب سے بڑے مسائل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اتھورائیزڈ اکنامک آپریٹرز (AEO) کی تعیناتی میں سست روی ہے جو مزکورہ عمل کو غیر موثر بنا رہی ہے۔ پاکستان سنگل ونڈو اگرچہ ایک اچھا اقدام ہے لیکن اس کی بابت بڑے پیمانے پر آگاہی اور مکمل عمل درآمد میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

# سندھ ہائی کورٹ میں سیلف ایڈہیسو ٹیپ پر ریگولیٹری ڈیوٹی چیلنج، کسٹم کو نوٹس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایس آر او 157(1)/2022 مورخہ 22-8-2022 کے ذریعے ریگولیٹری ڈیوٹی کے نفاذ کو چیلنج کرنے والی ایک اور درخواست میں پاکستان کسٹمز اور دیگر جواب دہندگان کو 18 اکتوبر کے لیے نوٹس جاری کیے گئے۔ اس سلسلے میں ٹاپ لنک پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کی طرف سے درخواست دائر کی گئی ہے۔ کمپنی نے موقف اختیار کیا کہ نیا ایس آر او آئین پاکستان کے خلاف ہونے کے علاوہ امتیازی سلوک ہے۔ کمپنی نے کہا کہ سیلف اڈیسیو ٹیپ کوئی تیار شدہ پروڈکٹ نہیں ہے بلکہ اس پر مزید پروسیسنگ اور سائزنگ کی جاتی ہے جس کے بعد یہ قابل فروخت ہوجاتی ہے اور اسی وجہ سے آر ڈی نافذ نہیں کی جاسکتی ہے شہاب امام ایڈووکیٹ نے ایک پٹیشن نمبر CP-D 5064/2022 کا بھی حوالہ دیا جس میں نوٹس اور کلیئرنس کا حکم جاری کر دیا گیا ہے۔ بنچ نے ابتدائی سماعت کے بعد جواب دہندگان کو 18 اکتوبر کے لیے نوٹس جاری کرنے کا حکم دیا جبکہ محکمہ کو ہدایت کی کہ وہ سندھ ہائی کورٹ کے متعلقہ فیصلے کی روشنی میں ڈیوٹی کی متنازع رقم حاصل کرنے پر عارضی کلیئرنس کی درخواست پر غور کرے۔

## بجلی بلز میں میونسپل ٹیکس کے خلاف حکم امتناع برقرار

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے بجلی کے بلز میں میونسپل ٹیکس شامل کرنے کیخلاف ایڈمنسٹریٹر کراچی کے حکمِ امتناع کی استدعا ایک بار پھر مسترد کردی۔ پیر 10 اکتوبر 2022 کو بجلی کے بلز میں میونسپل ٹیکس شامل کرنے کیخلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کے ایم سی ملازمین تنخواہ لیتے ہیں، کام کررہے ہوتے تو شہر کا یہ حشر نہیں ہوتا، عدالت نے سابق اٹارنی جنزل خالد جاوید خان اور سینئر وکیل منیر اے ملک کو عدالتی معاونین مقرر کرتے ہوئے سماعت 26 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

## انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ میں ریٹیلرز کی رہنمائی کے لئے اجلاس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے دکانداران بالخصوص ریٹیلرز کو آگاہ کیا ہے کہ انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ ریٹیلرز کی رہنمائی کے لئے ایک اجلاس مین انکم ٹیکس بلڈنگ کے کانفرنس روم، گیارہویں منزل، انکم ٹیکس بلڈنگ شارعِ کمال عطا ترک، کراچی میں 03:00 بجے، 13، اکتوبر 2022 بروز جمعرات کو منعقد ہوگا۔ اپیما نے درخواست کی ہے کہ اس اہم اجلاس میں ضرور شرکت کریں۔ اس اجلاس میں ٹائیرز ا ریٹیلرز اور پوائنٹ آف سیلز نظام پر تفصیل سے بریفنگ دی جائے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ممبر کسٹمز (آپریشنل) مکرم جاہ انصاری سے محمد سلیم بیکیا کی فیڈریشن ہاؤس میں ملاقات









کراچی میں 6 اکتوبر 2022 کو ممبر کسٹمز آپریشنل، فیڈرل بورڈ آف ریونیو مکرم جاہ انصاری نے فیڈریشن ہاؤس کا دورہ کیا اور ممتاز تاجروں وصنعتکاروں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں صدر عرفان اقبال، نائب صدر شبیر منشا، چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس محمد سلیم بیکیا مہمان خصوصی کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں اور استقبال کر رہے ہیں، تصاویر میں سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد انیس اور سابق وائس چیئرمین ایپما عابد نثار، سہیل نثار و دیگر موجود ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725







Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

International Business Management
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر، آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 12 اکتوبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا، نیویا آرٹ پیپر، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 395 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250ـ270ـ300 اور 350 گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80ـ90ـ100ـ105ـ113ـ128 اور 150 گرام، 365 روپے کم ہو کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80ـ90ـ100ـ105ـ113ـ128 اور 150 گرام، 365 روپے سے کم ہو کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 405 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 400 روپے سے کم ہو کر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 980 روپے سے کم ہو کر 940 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 980 روپے سے کم ہو کر 940 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1170 روپے سے کم ہو کر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1000 روپے سے کم ہو کر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 950 روپے سے کم ہو کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 970 روپے سے کم ہو کر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2950 روپے سے کم ہو کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# عمران خان کا لانگ مارچ روکنے کیلئے گیارہ سو کنٹینرز کی اسلام آباد منتقلی

## ایف بی آر خاموشی معنی خیز ہے، تاجروں کا اربوں روپے کے نقصان کا ذمہ دار کون ہوگا' عبدالحمید گوڑ واڑہ

پشاور (بزنس ڈیسک) سرحد چیمبر آف کامرس کے سابق صدر حاجی عبدالحمید گورواڑہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے اسلام آباد میں گیارہ سو کنٹینرز کو پہنچانے سے تاجروں کا اربوں روپے کے نقصان کا ذمہ دار کون ہوگا، اس سلسلے میں چیئرمین ایف بی آر نے بھی معنی خیز خاموشی اختیار کر رکھی ہے، ان کنٹینرز میں تاجروں کا اربوں روپوں کا مال ہوتا ہے اور اگر انہیں روکا جائے تو ٹریڈرز کے اربوں روپے ڈوب جائیں گے، ان کنٹینرز میں بھرے بھی ہوتے ہیں اور خالی بھی یہ کنٹینرز شپنگ کمپنیوں کے ہوتے ہیں جن سے مقامی تاجر آٹھ آٹھ اور دس دس لاکھ روپے سیکورٹی ادائیگی کے بعد حاصل کرتے ہیں جن کا روزانہ کے حساب سے یومیہ کرایہ سو ڈالر تقریبا 22 ہزار پاکستانی روپے بنتے ہیں جبکہ سیکورٹی ڈیپازٹ تاجروں کو تب ہی واپس ملتے ہیں جب یہ کنٹینرز واپس شپنگ کمپنی کے وئیر ہاؤس میں پہنچ جاتے ہیں اب اس کا کون ذمہ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تو کنٹینرز پر قابض ہو جاتی ہے پر تاجروں کے خسارے کی بھر پائی کون کرے گا نہ تو حکومت اس کا کرایہ ادا کرتی ہے اور نہ ہی دیگر کوئی معاوضہ دیا جاتا ہے جبکہ پولیس انتظامیہ بزور غیر قانونی طور پر کنٹینرز پر قابض ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات تو لاری کیساتھ ہی اس پر قبضہ جما لیا جاتا ہے اور کسی قسم نقص امن کی صورت میں بھرے کنٹینر کو آگ لگنے کی صورت میں لاری بھی خاکستر ہو جاتی ہے حد تو یہ ہے کہ اس نقصان کی ذمہ داری بھی حکومت نہیں لیتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایسی اوچھی حرکتوں سے باز رہے اگر حکومت کو کنٹینرز چاہیئں تو اپنے لئے قانونی طریقے سے معاوضہ ادا کر کے کنٹینرز حاصل کرے یہ تو سراسر زیادتی ہے کہ حکومتی معاملات میں پاکستانی تاجروں کے مال کو شیر مادر سمجھ کر استعمال کر کے انہیں اربوں کا نقصان پہنچایا جائے۔

انہوں نے چیئرمین ایف بی آر سے مطالبہ کیا ہے کہ ہر صوبے کے چیف سیکرٹری اور آئی جی پی سے باز پرس کریں کہ ان کنٹیرز کو کس قانون کے تحت روکا جا رہا ہے کیونکہ پولیس اور انتظامیہ کو روکنا تاجروں کی زمہ داری نہیں بلکہ یہ کام گورنمنٹ آف پاکستان کے متعلقہ اداروں کے زمہ داروں کی ہے جو اس مد میں لاکھوں کروڑوں روپے کی تنخواہیں اور مراعات لے رہے ہیں۔ انہوں نے چیئرمین ایف بی آر سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

## وزارت خزانہ کی اسٹیٹ بینک کو پچاس ہزار ڈالر تک کی ایل سی کلیئر کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات اسحاق ڈار نے اعلان کیا ہے کہ لیٹرز آف کریڈٹ (LCs) کی 50,000 ڈالر کی زیر التوا ادائیگیاں ہفتے کے دوران کلیئر کر دی جائیں گی۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈار نے انکشاف کیا کہ ریلیف فراہم کرنے کا فیصلہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے گورنر جمیل احمد سے مشاورت کے بعد کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اگلے ماہ، انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کے حکام سے ملاقات کے لیے واشنگٹن ڈی سی روانہ ہونے سے پہلے، اسٹیٹ بینک کے سربراہ ترقی کی جانب "پہلے قدم" کے طور پر ایل سیز کو کلیئر کرنے کے لیے یہ ہدایات دیں گے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ مجموعی طور پر 7,952 کیسز زیر التوا ہیں اور ان فیصلوں کے بعد، LCs کھولنے کی تقریباً 4,400 درخواستیں التوا میں رہیں گی۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34   23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411


Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈالر کی قدر میں مصنوعی اضافہ، بینکوں کا "سفید جرم"

## کیا پاکستان کا کوئی ادارہ بشمول اسٹیٹ بینک اپنی آئینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داری بروقت محسوس کرے گا




اسحاق ڈار کے 28 ستمبر 2022 کو وفاقی وزیر کا عہدہ سنبھالتے ہی ڈالر کی اونچی اڑان نے واپسی کا سفر شروع کر دیا تھا، اس کے اثرات دوسرے ہفتے بھی جاری رہے اور ڈالر کی قیمت میں ہر روز مسلسل کمی دیکھنے میں آرہی ہے۔ 21 ستمبر کو ڈالر 242 تا 243 روپے میں فروخت ہورہا تھا۔ 28 ستمبر کو اس کی شرح تقریباً 10 روپے کمی کے بعد 230 تا 231 روپے تک آ گئی۔ بقول اسحاق ڈار ابھی میں نے ڈنڈا نہیں اٹھایا تو ڈالر نیچے آنا شروع ہوگیا۔ اور اگر پھر ہم 5 اکتوبر 2022 کو قیمتیں دیکھیں تو اس کی قیمتیں 225 تک آ گئیں اور 7 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں ڈالر 20 دن میں 20 روپے کی کمی کے بعد 219.92 روپے تک آ گیا اور امید کی جارہی ہے کہ یہ سفر جاری رہے گا۔

یہ تو ڈالر کی 20 دن میں کی کہانی تھی لیکن اس سے قبل 170 دن کی کہانی ہے، وہ انتہائی بھیانک ہے۔ جب عمران خان کی حکومت اپریل میں ختم ہوئی تو 30 مارچ کو ڈالر کی قیمت 181.90 روپے تھی۔ اس چھ ماہ کے عرصے میں جب مفتاح اسماعیل ن لیگ اور پی ڈی ایم کے وزیر خزانہ تھے، ڈالر 181 روپے سے بڑھ کر 242 روپے تک پہنچ گیا یعنی دس روپے ماہانہ کے حساب سے ڈالر کی قیمت بڑھتی رہی۔ لیکن جب کمی شروع ہوئی تو یکدم 20 دن میں 20 روپے کم ہو گئی۔ تو آخر ایسا کیا قارون کا خزانہ پاکستان کو مل گیا اور ایسی کیا معاشی ترقی ہوگئی کہ ڈالر بیچارہ ایک دم نیچے کی طرف آ گیا جبکہ 7 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں اسٹیٹ بینک نے خطرے کی گھنٹی بجاتے ہوئے بتایا کہ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر 8 ارب ڈالر سے کم ہو کر 7.9 ارب ڈالر ہو گئے۔ اپریل تا ستمبر 2022 کے درمیان جب ڈالر اوپر جا رہا تھا ملک مکمل غیر یقینی صورت حال کا شکار تھا اور ہر روز اس میں اضافہ ہو رہا تھا اور اخبارات اور میڈیا چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا اور خود حکومت نے بھی تسلیم کیا تھا کہ ہم دیوالیہ ہونے کی طرف جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں حکومت پر تعیش اشیا کی درآمد کے ساتھ ساتھ ملکی صنعتی ترقی میں استعمال ہونے والی مشینری تک پر پابندی عائد کرنا پڑی تھی اور ظاہر کیا جا رہا تھا کہ ہمارا درآمد و برآمدات کا فرق ڈبل ہو گیا ہے


ایم آر انصاری

اور یہ شرط اب بھی برقرار ہے کہ اب بھی بہت سے کیسز میں ایل سی کھولنے کے لیے اسٹیٹ بینک سے پیشگی اجازت کی شرط عائد ہے، اسی دوران یہ بات بھی نوٹ کی گئی کہ بینکوں نے ایل سی کھولنے سے منع کر دیا اور درآمد کنندگان بالخصوص اشیا ضروریہ جس میں پیٹرولیم مصنوعات اور کھانے پینے کی اشیا شامل تھیں، کے درآمد کنندگان کو بھی کمرشل بینکوں نے بلیک میل کرنا شروع کر دیا اور ایک اطلاع یہاں تک آئی تھی کہ بینکوں نے انٹر بینک ریٹ سے 8 تا 10 روپے زائد پر پی ایس او سمیت کئی بڑے اداروں کی ایل سی کھولی ہیں اور موقف اپنایا گیا تھا کہ ڈالر مستقبل میں اسی تیزی سے بڑھے گا۔ مجبوراً درآمد کنندگان نے بینکوں کے من مانے رویے اور نرخوں پر ایل سیز کھولیں ورنہ ملک غذائی اور توانائی دونوں کے بحران کا شکار ہو جاتا۔

اب نئے وزیر خزانہ اسحاق ڈار جنہیں گزشتہ مسلم لیگ حکومت میں بھی وزارت خزانہ کا قلمدان دیا گیا تھا اور ان پر بعد میں آنے والی تحریک انصاف کی عمران خان حکومت نے یہ الزام لگایا تھا کہ اسحاق ڈار نے ڈالر کو مصنوعی طریقے سے بڑھنے نہیں دیا تھا، اب اسحاق ڈار نے ایک انٹرویو میں یہ مژدہ سنایا ہے کہ ڈالر کی حقیقی قیمت 200 روپے سے زائد نہیں ہے اور یہ جلد 200 تک آ جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابھی انہوں نے کوئی ڈنڈا نہیں اٹھایا ہے اور ڈالر کی قدر نیچے گرنا شروع ہوگئی ہے اور یہ مزید کم ہوگی۔

اس صورت حال سے یہ بالکل واضح ہے کہ ڈالر کی قدر میں یہ اضافہ کمرشل بینک، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ایف آئی اے، منی چینجرز اور وزارت خزانہ کے تمام اعلیٰ حکام کی لاپروائی، دولت بنانے کی ہوس، اپنے فرائض سے غفلت اور ذاتی مفاد کو قومی مفاد پر ترجیح دینے والے بھی شامل ہے۔

بنیادی طور پر یہ ہمارے حال ہی میں خود مختار ادارہ بننے والے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ذمہ داری تھی کہ وہ اس پر حقیقی نظر رکھتا اور ڈالر اور ڈالر کی مصنوعی قلت یا بلیک میلنگ کے ذریعے ڈالر کی قدر میں اضافہ کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لیتا لیکن وہ خواب غفلت کے مزے لیتا رہا یا اس گنگا میں جو ڈالر کی قدر میں اضافے سے بہہ رہی تھی اس میں اپنے ہاتھ دھوتا رہا۔ اب چھ ماہ کے بعد جب ڈالر کی قدر بغیر کسی مثبت معاشی پہلو کے اچانک 20 روپے کم ہوگئی تو خود اسٹیٹ بینک پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے 3 اکتوبر 2022 کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بتایا کہ مبینہ شرح مبادلہ میں اضافہ کے حوالے سے بینکوں کے خلاف تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور اس سلسلے میں انہوں نے 8 بڑے بینکوں پر الزام عائد کیا ہے کہ ڈالر کی قیمت میں اضافے کا انہوں نے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے اور اس دوران انہوں نے 56 ارب روپے کا اضافی منافع کمایا ہے اور انہوں نے انٹر بینک ریٹ سے 10 روپے زائد پر لیٹر آف کریڈٹ کھولے ہیں اور ان بینکوں نے اپریل جون سہ ماہی میں غیر ملکی زرمبادلہ سے مجموعی طور پر 27 ارب 67 کروڑ روپے کا اضافی منافع کمایا ہے جبکہ ان بینکوں کا اس مد میں گزشتہ پورے سال کا منافع 41 ارب 62 کروڑ روپے تھا یعنی بینکوں نے ایک سہ ماہی میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 65 فیصد زائد منافع کما لیا اور ابھی جولائی، اکتوبر 2022 کے اعداد و شمار آنا باقی ہیں۔ ذیل میں دس بینکوں 2021 کے پورے سال اور اپریل۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

جون 2022 کی سہ ماہی کے نفع کا تقابلی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

| Banks | Foreign Exchange | |
|---|---|---|
| | Earning Full Year 2021 | Earning in April-June 2021 |
| Habib Bank Limited | 4,590 million | 4,339 million |
| Allied Bank Limited | 1,974 million | 3,544 million |
| Bank Alfalah Limited | 4,129 million | 3,421 million |
| United Bank Limited | 3,991 million | 3,332 million |
| MCB Bank Limited | 3,734 million | 2,903 million |
| Bank Al Habib Limited | 2,970 million | 2,524 million |
| Meezan Bank Limited | 3,159 million | 2,318 million |
| National Bank of Pakistan | 6,510 million | 2,184 million |
| Askari Bank Limited | 3,124 million | 1,590 million |
| Habib Metropolitan Bank | 3,707 million | 1,516 million |

اس سے ثابت ہوتا ہے گورنر اسٹیٹ بینک نے 8 بینکوں پر جو 56 ارب نفع کمانے کی جو ''اطلاع'' دی ہے، درست ہے کیونکہ انہیں 10 ارب فی سہ ماہی کی اوسط سے نفع کمانا تھا انہوں نے صرف ایک سہ ماہی میں 17 ارب زائد کمایا اور 27 ارب تک کل منافع پہنچا دیا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ 8 بینک جب یہ 56 ارب کا منافع کما رہے تھے اور وہ کوئی خفیہ ڈیل نہیں تھی ہر روز بینکوں کی ٹریڈنگ کی تمام تر اطلاعات متعلقہ اداروں بالخصوص اسٹیٹ بینک کے پاس جا رہی تھیں تو ہمارے ادارے بشمول اسٹیٹ بینک کے افسران جن کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ کمرشل بینکوں اور فارن ایکسچینج کے اتار چڑھاؤ پر نظر رکھیں تو وہ کہاں سو رہے تھے۔ اب گورنر اسٹیٹ بینک چھ ماہ بعد یہ ''خوشخبری'' سنا رہے ہیں کہ ہم نے تحقیقات شروع کر دی ہیں لیکن تحقیقات اس بات کی بھی ہونی چاہیئے کہ اسٹیٹ بینک کے جن افسران نے اپنی لاپرواہی، کوتاہی یا دباؤ میں ملک کے 22 کروڑ عوام کے لیے جینا محال کر دیا وہ کون ہیں اور ان کے خلاف کیا تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

اسٹیٹ بینک اپنی ہی غلطی کی وجوہات کی تحقیقات کرے گا اور نتیجہ یہ نکلے گا کہ 56 ارب کے منافع میں سے 10 تا 20 فیصد یعنی 20-15 ارب جرمانہ بھی عائد کر کے اس جرم میں اپنا منافع کا حصہ طلب کر لے گا اور بینک اسے خوشی خوشی ادا بھی کر دیں گے کیونکہ یہ ان کے لیے پھر بھی نقصان کا سودا نہیں ہوگا۔ ان کا صرف نفع کم ہوگا۔ گورنر اسٹیٹ بینک اور اس کے افسران جنہیں شاید وزیر اعظم سے بھی زیادہ تنخواہ ملتی ہے وہ اس ملک کے عوام کی تباہی اور مہنگائی کے ذمے دار ہیں ان چھ ماہ میں حکومت نے ڈالر کی قیمت میں اضافہ کی بنیاد پر پیٹرولیم کی قیمتوں میں 60 تا 70 روپے کا اضافہ کیا، اس اضافے کے نتیجے میں جہاں عام آدمی کے روزمرہ کے اخراجات میں بے تحاشہ اضافہ ہوا، اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، بجلی کے فیول ایڈجسٹمنٹ میں عوام کو 11-12 روپے تک اضافی بجلی یونٹ ادا کرنے پڑے، بجلی کا صنعتی یونٹ 45 تا 50 روپے تک پہنچ گیا بہت سی فیکٹریاں اس کا بوجھ برداشت نہ کر سکیں اور بند ہو گئیں، ہزاروں مزدور بے روزگار ہوئے جس سے ملک میں امن و امان کی صورت حال خراب ہوئی۔ اسٹریٹ کرائم میں بے تحاشہ اضافہ ہوا، کئی افراد اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، اس کا ازالہ کون کرے گا۔

گورنر اسٹیٹ بینک جنہیں اس مہنگائی سے کوئی اثر نہیں پڑا ہوگا کیونکہ ان کا پیٹرول مفت، بجلی مفت، گھر مفت ہے لیکن وہ صرف 56 ارب روپے کے اضافی منافع کا رونا رو رہے ہیں لیکن اس منافع کے جو منفی اثرات پورے پاکستانی عوام، معیشت پر پڑے ہیں اس کا ازالہ کیسے ہوگا اور اسٹیٹ بینک کے افسران چھ ماہ تک کیوں خواب غفلت میں رہے۔ انہیں کیا سزا دیں گے۔ وہ اپنے کسی افسر کو سزا نہیں دیں گے کیونکہ وہ جو بھی رپورٹ بنائیں گے اس میں کمرشل بینکوں کو ذمہ دار ٹھہرائیں گے اور اس بات کا کہیں تذکرہ نہیں کریں گے کہ اسٹیٹ بینک اپنی آئینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ادا کرنے میں بری طرح ناکام رہا ہے اور اس کے ذمہ دار افسران بشمول ڈپٹی گورنر حضرات کو نوکری سے برطرف بھی نہیں کیا۔

دوسری طرف ہماری ایجنسیاں جس میں ایف آئی اے خاص طور پر اہم ہے وہ بھی اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں بری طرح ناکام رہی ہے اور ملک کے اصل دشمن یہ ادارے ہیں جو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار ان غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کریں جنہوں نے بروقت بینکوں کے خلاف کوئی اقدام نہیں کیا اور معاشی انٹیلی جنس ایجنسیاں اس بڑے اسکینڈل سے کیوں آنکھیں بند کر کے تباہی کے مناظر دیکھتی رہیں۔ یقیناً اس کا فائدہ کمرشل بینکوں کے کرتا دھرتاؤں کو ہی ہوگا اور وہ سب ان سیاسی جماعتوں میں شامل ہیں یا اپنا حصہ ان سیاسی جماعتوں کو دیتے رہے ہیں اور تحقیقات صرف تحقیقات تک محدود رہیں گی۔ بینکوں پر جرمانہ بھی ہوگا اور پھر ہم دوبارہ ان ''سفید جرم'' کرنے والوں کو پھر مواقع فراہم کریں گے کہ وہ عوام کا استحصال اسی طرح جاری رکھیں گے اور ان کے ''سفید جرم'' پر کوئی دھبہ بھی نہیں آئے۔ اگر ہم اسی طرح چلتے رہے تو ہماری معیشت کبھی بہتر نہیں ہوگی۔ بینکوں نے 56 ارب کمانے کے لیے ملک میں دوائیں، بجلی، کھانے پینے اور دیگر ضروری اشیا کو مہنگا کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا اور عوام مزید غریب ہوتے گئے۔ پھر ہمیں کیا؟ ہم تو منافع کما رہے ہیں۔

اب ہونا یہ چاہئے کہ بینکوں پر 56 ارب کے ناجائز منافع پر 112 ارب روپے کا جرمانہ عائد کیا جائے اور یہ 112 ارب روپے حکومت بجلی اور پٹرول کی مد میں سبسڈی کی صورت میں تقسیم کرے تاکہ عوام نے جو ہزیمت اٹھائی ہے اس کا کچھ مداوا ہو سکے۔ ایسا نہ ہو کہ یہ جرمانے کی رقم اسٹیٹ بینک کی آمدنی کا سبب بن جائے، اگر اس کے لئے کوئی آرڈیننس بھی جاری کرنا پڑے تو حکوتم کو اس سے گریز نہیں کرنا چاہئے۔ تب ہی یہ ثابت ہوگا کہ اس ''سفید جرم'' میں حکومت شریک نہیں ہے بلکہ وہ عوام کی حقیقی نمائندہ ہے۔ امید ہے کہ عمران خان کی تبدیلی کے نعرہ کو عملی جامہ ملک کی دس جماعتوں کا اتحاد پایۂ تکمیل تک پہنچائے گا۔ ''ہم سب امید سے ہیں''۔




| Date | USD | Change | % Change | WTD | MTD |
|---|---|---|---|---|---|
| 26-Sep-22 | 237.0188 | 2.6348 | 1.11% | 1.11% | -7.71% |
| 27-Sep-22 | 233.9088 | 3.1100 | 1.33% | 2.46% | -6.48% |
| 28-Sep-22 | 232.1209 | 1.7879 | 0.77% | 3.25% | -5.76% |
| 29-Sep-22 | 229.6276 | 2.4933 | 1.09% | 4.37% | -4.74% |
| 30-Sep-22 | 228.4520 | 1.1756 | 0.51% | 4.90% | -4.25% |
| 03-Oct-22 | 227.2896 | 1.1624 | 0.51% | 0.51% | 0.51% |
| 04-Oct-22 | 225.6381 | 1.6515 | 0.73% | 1.25% | 1.25% |
| 05-Oct-22 | 223.9398 | 1.6983 | 0.76% | 2.01% | 2.01% |
| 06-Oct-22 | 221.9386 | 2.0012 | 0.90% | 2.93% | 2.93% |
| 07-Oct-22 | 219.9216 | 2.0170 | 0.92% | 3.88% | 3.88% |

Source: State Bank of Pakistan, Capital Stake Research

This report is prepared for information only. The material used in this report has been taken from sources that are considered reliable but we do not guarantee that it is accurate and complete. CS Solutions (Pvt) Limited & its employees bear no liability for any direct or indirect consequential loss arising from use of this report.



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## کراچی سیکنڈری بورڈ ایجوکیشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BSE/P&P/469/2022
آنسر اسکرپٹ کی پرنٹنگ
تعداد: 35,50,000 کاپی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: قائم مقام سیکریٹری، ناظم آباد، کراچی۔
فون: 021-99260252-6/99260268

## محکمہ بہبود آبادی کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PWDS/W&D/sty/2022-23/04
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر حوالہ نمبر:
PWDS/W&D/P&8/2022-23/05
پرنٹنگ میٹریل
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر (W&D) گیارہویں منزل، این آئی سی ایل بلڈنگ، عباسی شہید روڈ، عقب FTC بلڈنگ، عباسی شہید روڈ، عقب ایف ٹی سی بلڈنگ، گورا قبرستان، کراچی۔
فون: 021-99225652

## انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

☆ آنسر شیٹ 24 صفحات کی پرنٹنگ
تعداد: 4600000 کاپی
☆ کورشیٹ کی پرنٹنگ، تعداد: 700000 کاپی۔
☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، سائز 80,27x34 گرام،
تعداد: 275 ریم
☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، سائز 100,27x34 گرام،
تعداد: 275 ریم
☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A3 سائز 80 گرام،
تعداد: 16500 ریم
☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز 80 گرام،
تعداد: 10500 ریم
☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز 80 گرام،
تعداد: 2000 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹورز سیکشن، 86 موزینگ روڈ، لاہور۔
فون: 042-99200192-7EXT:275-309
042-992858699200183

## اکاؤنٹ جنرل پنجاب کو پیپر درکار

پیپر اے فور سائز، 70 گرام، امپورٹڈ، تعداد: 1500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفیسر (اسٹیشنری) لاہور۔
فون: 042-99210170

## ناروال یونیورسٹی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UON-24-08-2022-08
پیپر اے فور سائز، 70 گرام، تعداد: 1000 ریم
پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد: 100 ریم
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعدا: 400 ریم
پیپر اے تھری سائز، 80 گرام، تعداد: 20 ریم
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: سیکریٹری سینٹرل پرچیز کمیٹی، نیو کیمپس، شکر گڑھ روڈ، نارروال، پاکستان۔
فون: 0542-920050

## فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

آنسر شیٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: چیئرمین پرچیز کمیٹی، دی مال، راولپنڈی۔
فون: 051-9292900EXT:1166

## فیصل آباد انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 320/ss/2022
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، اے تھری سائز، 80 گرام،
تعداد: 12,590 ریم
کمپیوٹر پیپر، اے فور سائز، 75 گرام، تعداد: 1400 ریم
پیپر امپورٹڈ، اے تھری سائز، 100 گرام، تعداد: 500 ریم
لوکل پیپر وائٹ، سائز 68,17x27 گرام، تعداد: 100 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹور برانچ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔

## سندھ حکومتی ڈپارٹمنٹ کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Admin(GHDA)5(42)2022-23/7
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر گورکھ ہل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، بمقام C-54، کلفٹن بلاک-2، عقب آغا خان اسپتال، کلفٹن، کراچی۔

## NAB کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 1/393/2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: نیشنل اکاؤنٹیبلیٹی بیورو، نیب کمپلیکس، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔
فون: 042-99232621

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 14/2022-23
مختلف اقسام کے پیپرز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ اسٹورز، اسٹوریج بلڈنگ، بلاک-3، مین کیمپس، سیکٹر H-8، اسلام آباد۔
فون: 051-9250031-9250035

## سندھ حکومتی ادارے کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
CP&S/AD/Tender/PROC/2022-23-450
مختلف اقسام کے پیپرز، پرنٹنگ اور بائنڈنگ،
اسٹیشنری آئٹمز کی فراہمی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر منیجر بک ڈپو، کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ اسٹیشنری ڈویلپمنٹ، گیٹ نمبر-4، گورنر ہاؤس کمپاؤنڈ، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی۔

## سرکاری ادارے کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DHOKC/Accounts/8718/22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ سینٹرل، کراچی۔

## ایف بی آر کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LTO/Tender/Acctt/2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اکتوبر 2022
برائے رابطہ: ڈی ڈی او، لارج ٹیکس پیئرز آفس، پی آر سی ٹاورز، 32-A، لالہ زار، مولوی تمیز الدین خان روڈ، کراچی۔

## سرگودھا انٹر بورڈ کا پیپرز کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 102/اسٹورز
ہائی فنش بلیوایش پیپر، سائز 68,17x27 گرام، تعداد: 14,500 ریم
آفسٹ پیپر A3 سائز، 80 گرام، تعداد: 5000 ریم
آفسیٹ پیپر F4A سائز، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم
آفسیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، سرگودھا۔
فون: 048-350051-3250059



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# افغانستان کیلئے ایک، دیگر ممالک کیلئے 5ہزار سے زائد ڈالرز لے جانے پر ڈیکلیئریشن لازمی قرار

